# 16-06-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

سرخیاں

۱۔تلنگانہ پولیس نے میدک میں مویشیوں کی خریدی اور منتقلی کے مسئلہ پر دو گروپوں کے درمیان جھڑپوں کے سلسلہ میں میدک ضلع کے کئی بی جے پی لیڈرس کو گرفتار کرلیا ہے۔

۲۔مہیلا شکتی اسکیم کے تحت تلنگانہ میں اگلے پانچ سالوں میں عورتوں کے سیلف ہلپ گروپوں کو ایک لاکھ کروڑ روپے کے بینک قرض دئے جائیں گے۔

۳۔ حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ بونال تہوار کے لئے بڑے پیمانے پر انتظامات کریں۔

اور

۴۔اس مہینہ کے آخری اتوار سے وزیر اعظم نریندر مودی کا من کی بات پروگرام پھر شروع ہوجائے گا۔

☆☆☆

حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ آنے والے بونال تہوار کے لئے بڑے پیمانے پر انتظامات کریں۔انہوں نے مشورہ دیا کہ تمام محکموں کے عہدیداروں سے کہا جائے کہ وہ تال میل کے ساتھ کام کریں۔انہوں نے دونوں شہروں میں آشاڈ ا بونال جاترا کی تیاریوں کے بارے میں ایم سی ایچ آر ڈی جوبلی ہلز میں اینڈ ومنٹ کی وزیر کونڈا سریکھا اور عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ پینے کے پانی کی سہولت، موبائل ٹائلٹ اور خصوصی ایمبولنس گاڑیوں کے ساتھ مندروں میں ہیلتھ کیمپس لگائے جائیں تاکہ بونال کے لئے آنے والے عقیدتمندوں کو کسی مشکل کا سامنا کرنا نہ پڑیں۔خیریت آباد کے رکن اسمبلی دانم ناگیندر، جی ایچ ایم سی میئر گدوال وجئے لکشمی، ڈپٹی میئر سری لتا اس موقع پر موجود تھے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر سیتا اکا نے مہیلا شکتی اسکیم کے تحت مختلف پروگراموں کے لئے ریاست میں عورتوں کے اپنی مدد آپ گروپوں کے لئے اگلے پانچ سال ایک لاکھ کروڑ روپے کے قرض دینے کے لئے بینکوں کے سامنے نشانہ رکھا ہے۔انہوں نے مری چنا ریڈی ہیومن ریسورس ڈیولپمنٹ سنٹر حیدرآباد میں سیلف ہلپ گروپوں کے لئے سالانہ قرض منصوبہ جاری کیا۔بینکوں کے ذریعہ عورتوں کی تنظیموں کو 20 ہزار کروڑ روپے کے سود سے پاک قرض دئے جارہے ہیں۔ وزیر نے عورتوں سے خواہش کی کہ وہ اس سطح پر پہنچیں جہاں وہ دس ہزار روپے سے لاکھوں روپے تک کے قرض حاصل کرسکیں۔

☆☆☆

تلنگانہ میں پہلی اگست سے زرعی اور غیر زرعی زمین اور جائیداد کے لئے رجسٹریشن کی نئی شرحوں پر عمل ہوگا۔حال ہی میں تلنگانہ حکومت نے اپنی آمدنی میں اضافہ کے لئے زمینوں کی مارکٹ ویلیو پر نظر ثانی کی تھی۔یہ دسمبر 2023ء میں کانگریس حکومت بننے کے بعد سے زمینوں کی قدر اور رجسٹریشن کی شرحوں میں پہلا اضافہ ہے۔اسٹامپس ور جسٹریشن کے محکمہ نے موجودہ قدر کے جائزہ اور اسے نئے رجسٹریشن چارجس کے مطابق کرنے کا جائزہ لینے کے لئے ایک ایکشن پلان شروع کیا ہے۔محکمہ نے اس سلسلہ میں ایڈیشنل کلکٹرس اور ریونیو ڈیویژنل آفیسرس کے ساتھ میٹنگ کے بعد 18 جون کو بنیادی کام شروع کردیا ہے۔ اسٹامپ اینڈ رجسٹریشن محکمہ نے دیہی اور شہری علاقوں میں مارکٹ ویلیو پر نظر ثانی کے لئے رہنمایانہ ہدایات جاری کی ہیں۔

☆☆☆

تلنگانہ پولیس نے میدک ٹاؤن میں تشدد کے سلسلہ میں بی جے پی کے میدک ضلع صدر گڈم سرینواس، بی جے پی میدک ٹاؤن صدر ایم نائم پرساد، بی جے وائی ایم کے صدر اور سات دوسروں کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ انہیں عدالت میں پیش کیا جائے گا۔خبروں کے مطابق منہاج العلوم مدرسہ میدک کے انتظامیہ نے عیدالاضحیٰ کو قربانی دینے کے لئے مویشی خریدے تھے۔بائیں بازوں کے مقامی ارکان نے قربانی کے جانور لائے جانے کے بعد مدرسہ کے قریب گڑ بڑ کی۔ایک گھنٹے بات دائیں بازوں ہندوتوا گروپوں کے ارکان مدرسہ پر پہنچنا شروع ہوئے اور حملہ کر دیا۔ مدرسہ میں موجود بعض لوگ زخمی ہوئے جنہیں علاج کے لئے ایک مقامی ہاسپٹل میں شریک کیا گیا۔ کچھ دیر بعد پولیس مقام پر پہنچی اور بھیڑ کو تتر بتر کر دیا۔بعد میں ہجوم نے ہاسپٹل پر حملہ کی اور ہاسپٹل کی عمارت پر پتھراؤ کیا۔ پولیس نے مداخلت کی اور ہجوم کو منتشر کرنے کے لئے لاٹھی چارج کیا۔ پولیس نے بتایا کہ صورتحال پرامن اور قابو میں ہے۔ علاقہ میں امن وامان کو برقرار رکھنے کے لئے 144 سیکشن لاگو کر دیا گیا ہے۔

☆☆☆

گوشہ محل کے بی جے پی رکن اسمبلی پی راجہ سنگھ کو آج شمس آباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ پر احتیاطی حراست میں لے لیا گیا۔ راجہ سنگھ آج صبح ممبئی سے ایرپورٹ پہنچے اور میدک جانے والے تھے جہاں مویشیوں کی منتقلی اور فروخت کے مسئلہ پر فرقہ وارانہ تناؤ پایا جاتا ہے۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے میدک میں فرقہ وارانہ تشدد کے لئے کانگریس کی قیادت والی تلنگانہ حکومت پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ کے سی آر کے ساڑھے نو سالہ دور میں تلنگانہ پرامن تھا اور کوئی فرقہ وارانہ تشدد نہیں ہوا۔اور کانگریس حکومت میں کوئی امن وامان نہیں ہے۔ یہ شرم کی بات ہے کہ میدک جیسے پرامن شہر میں جہاں کبھی کوئی فرقہ وارانہ گڑبڑ نہیں ہوئی، اب بدامنی پیدا ہوئی ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ کے سابق وزیر جگدیش ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت کو بجلی کی خریدی میں کوئی نقصانات نہیں ہوئے اور وہ اس معاملہ میں تحقیقات کے لئے تیار ہیں۔ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسمبلی میں بجلی کی خریدی کے سمجھوتوں کے بارے میں سوالات کے جواب دئے گئے اور وائٹ پیپر بھی جاری کیا گیا۔ لیکن جگدیش ریڈی نے کہا کہ موجودہ حکومت نے تحقیقاتی کمیشن قائم کیا ہے۔ کے سی آر نے کمیشن کے سوالوں کے جوابات بھی دئے ہیں۔ جگدیش ریڈی نے کہا کہ جسٹس نرسمہا ریڈی کا تعلق تلنگانہ سے تھا۔ صدرنشین بننے کے بعد انہیں بدل دیا گیا۔جب ان سے اس مہینہ کی 30 تاریخ تک صفائی پیش کرنے کے لئے کہا گیا انہیں وضاحت کرنے کے لئے کوئی موقع نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نرسمہا ریڈی اگر ایماندار ہیں تو انہیں کمیشن کی ذمہ داری سے ہٹ جانا چاہئے۔

☆☆☆

وزیر اعظم نریندر مودی اس مہینہ کی 30 تاریخ کو آکاش وانی پر اپنے من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک میں رہنے والے عوام سے خطاب کریں گے۔ یہ 111 واں ماہانہ من کی بات ریڈیو پروگرام ہوگا اور تیسری مرتبہ وزیر اعظم بننے کے بعد سے مودی کا یہ پہلا پروگرام ہوگا۔عوام آنے والے پروگرام کے لئے ٹال فری نمبر 1800 11 7800 پر اپنے مشورے دے سکتے ہیں۔عوام نریندر مودی ایپ کے ذریعہ یا مائی گاؤ اوپن فورم پر بھی اپنی رائے دے سکتے ہیں۔تمام مشوروں کو اس مہینہ کی 28 تاریخ تک قبول کیا جائے گا۔

☆☆☆

ریاستی وزیروں سریدھر بابواور سیتا اکا نے کہا کہ پدا پلی ضلع کے سلطان آبادمنڈل کے کٹنا پلی میں ایک رائس ملز میں چھ سالہ بچی پر جنسی حملے اورقتل کا واقعہ بدبختانہ ہے۔ انہوں نے آج مقام کا دورہ کیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس فوری حرکت میں آئی اورایک گھنٹے کےاندر ملزم کوحراست میں لیا۔اس واقعہ پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے ریونٹ ریڈی نے فاسٹ ٹریک عدالت کے ذریعہ کارروائی کاحکم دیا۔ انہوں نے پولیس سے کہا کہ وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے قدم اٹھائے کہ ایسے واقعات دوبارہ پیش نہ آئیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت متاثرہ لڑکی کے خاندان کے ساتھ کھڑی رہے گی۔

☆☆☆

تلنگانہ کے گورنرسی پی رادھا کرشنن نے عیدالاضحیٰ کے موقع پرریاست کےعوام کومبارکباد دی ہے۔ ایک پیام میں انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ قربانی اور اوپر والے کے آگے خودسپردگی کے جذبہ کی علامت ہے اور مذہب اسلام میں اس کی خاص اہمیت ہے۔ یہ عیدضرورتمندوں کی مدد، خیر، خیرات، روحانیت کی قدروں کی نمائندگی کرتی ہے۔

☆☆☆

راجنا سرسلہ ضلع میں سرسلہ ضلع ہیڈکوارٹر میں محکمہ پولیس نے اس مہینہ کی 13 تاریخ کو میگا جاب میلہ کااہتمام کیا جس کے دوران 60 سے زیادہ کمپنیوں نے انٹرویوز لئے اور ایک ہزار 764 نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو چنا۔ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس اکھل مہاجن نے آکاش وانی کو بتایا کہ انہیں تقرر نامہ دے دئے گئے ہیں۔

☆☆☆

مرکزی حکومت نے حکم دیا ہے کہ اس مہینہ کے ختم تک ریاست میں کانوں کے کم از کم چھ بلاکس نیلام کئے جائیں۔پچھلے 9 برسوں میں ایک بھی کان کو نیلام نہیں کیا گیا۔اوراگر اس مرتبہ بھی ایسا نہیں ہوا تو حکومت خود نیلامی کرے گی۔

☆☆☆

ٹی پی سی سی کے سینئر نائب صدراور صدرنشین الیکشن کمیشن کوآرڈنیشن کمیٹی جی نرنجن نے جسٹس نرسمہا ریڈی کو خط لکھنے کے لئے سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ پر تنقید کی۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کے سی آر اب بھی سمجھتے ہیں کہ صرف وہ اقل مند ہیں وہ سب جانتے ہیں اور وہ قانون سے اوپر ہیں۔

☆☆☆

راجنا سرسلہ ڈسٹرکٹ ویلفیر آفیسر لکشمی نرنجن نے کہا ہے کہ اس تعلیمی سال سے بچوں کو آنگن واڑی سنٹرس میں یونیفارمس دئے جائیں گے۔ یہ یونیفارمس ایک ہفتہ کے اندر پہنچ جائیں گے۔